ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(218)

مورخہ 20.04.24

بہاول پور(　　)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 09 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب ملزم اختر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 195 لیٹر دیسی شراب اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کر لی۔ اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے تھانہ کوتوالی، تھانہ سمہ سٹہ، تھانہ سٹی یزمان اور تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے 04 ملزمان عرفان عرف لاٹو، آس محمد، اشرف جٹ اور کاشف کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 07 کلو 650 گرام چرس اور 2400 گرام بھنگ برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ صدر بہاول پور اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے 04 ملزمان شاہ نواز، محمد شبیر، اسحاق اور اظہر عرف اظہری کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 03 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (219)

20.04.24

بہاولپور (   ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 22 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ چوری کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ جن شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر حل نہیں ہوتے انکو فوری طور حل کیا جائے اور غفلت برتنے والے افسران سے جواب طلبی کی جائے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 22 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کیئے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران کو حکم دیا کہ کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں حاضر آ کر مقدمات کی پراگرس کے متعلق بریف کریں، ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جارہی ہے، سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں تا کہ وہ سفر کی پریشانی سے بچ جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان اپنے دفتر کے باہر کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سننے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں